> (1) This Act may be called the Employment of Children Act, 1991.

How do we put it? جناب چیرمین: جی یہ ایکٹ ہوگا یا بل ہوگا۔

جناب سرتاج عزیز: اب تو ایکٹ ہوگا ناں جی۔

جناب چیرمین: ایکٹ تو پاس ہونے کے بعد بنے گا۔ بہرحال

So, it has been moved by Gen. Saeed Qadir as an amendment that in clause 1 of the Bill, in sub-clause (1) of the Bill the following be substituted.

(1) This Act may be called the Employment of Children Act, 1991.

(The amendment was adopted)

1. . **Chairman:** The clause stands amended. Now, I will put clause 1 short, title and preamble to the House. The question is that clause 1 short title and as amended and the preamble do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The preamble, short title and clause 1

form part of the Bill.

Mr. Sartaj Aziz: May I mention Mr. Chairman, that the first title this is a Bill On Child Labour, will that stay or it should also say that the Bill on the Employment of Children.

جناب چیئرمین: نہیں یہ تو بعد میں نکل ہی جائے گا یہ تو آفس میں ہی کر دیتے ہیں

Now you will kindly read the next Motion No. 5.

Mr. Sartaj Aziz: Sir, I beg to move that:

"The Employment of Children Bill, 1991, be passed".

Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Sartaj Aziz that the Employment of Children Bill, 1991, be passed.

(The Bill was passed)

Mr. Chairman: So, the Bill stands passed. Next is Zakat & Ushar matter.

پروفیسر خورشید احمد: اس کو نماز کے بعد لے لیں۔ میں ویسے تیار ہوں۔ اٹارنی جنرل نظر نہیں آ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: انہوں نے message بھیجا ہے کہ he is indisposed وہ کہہ رہے تھے کہ اس کو next sitting میں لے لیں۔

پروفیسر خورشید احمد: دیکھیں ناں یہ تو ہمیں پہلے معلوم ہونا چاہیئے۔ اس لیئے کہ میں اتنی کتابیں لے کر آیا ہوں میں نے اتنی محنت کی ہے اگر مجھے پہلے سے اطلاع ہو جائے کہ یہ مسئلہ زیر غور نہیں آسکا۔ ---

جناب چیئرمین: تو پھر کیا خیال ہے آپ کا۔

پروفیسر خورشید احمد: شائد وزیر قانون کچھ اس معاملے میں فرمانا چاہیں انہیں سن لیں پھر میں اپنی بات پیش کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے جب ان کو بلایا ہے اور ان کا message بھی آ
گیا ہے message نہ آتا تو I would have finalized the matter
اب اس کو لے لیتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: چلئے۔ ٹھیک ہے

Mr. Chairman: So, the House is adjourned for prayers up to 5.30 p.m.

Maghrib Prayers

(اجلاس کی کارروائی نماز مغرب کے لیے ملتوی کر دی گئی)

(وقفہ کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین (جناب وسیم سجاد) دوبارہ شروع ہوئی)

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب! یہ جو زکواۃ وعشر والا مسئلہ ہے کیا اس کو ملتوی کر دیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جی اس کو پھر مؤخر کر دیجیے۔

جناب چیئرمین: اچھا جی۔ جہانگیر شاہ جوگیزئی والا بھی ڈیفر کر دیتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جی ہاں اسے بھی ڈیفر کر دیں۔

Mr. Chairman: Bills to be introduced. Prof. Khurshid Ahmed No. 10.

THE FREEDOM OF INFORMATION BILL, 1990.

Prof. Khurshid Ahmed: I seek the leave of the House to introduce the Freedom of Information Bill, 1990.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

پروفیسر خورشید احمد: کوئی اپوز کرنے والا ہے ہی نہیں۔

جناب چیئرمین: ایک وزیر صاحب آ گئے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: ویسے موقع بہت اچھا ہے جناب چیئرمین۔ we will
introduce it اس لیے کہ کوئی formal acceptance or opposition

[Prof. Khurshid Ahmed]

میں ہے موقع بڑا اچھا ہے اس کو introduce ہونا چاہیئے پھر کمیٹی میں ڈسکس کرلیں گے۔

جناب چیئرمین: وزیر قانون صاحب آ گئے ہیں۔ یہ Freedom of Information کے بارے میں بل ہے فخر امام صاحب۔ کیا خیال ہے آپ کا؟

Syed Fakhar Imam: Sir, technically my brief says that I should oppose it on two grounds. One is because in substance much of the Bill was the same as in the past and secondly the Government is bringing in the same Bill but now it is upto Prof. Khurshid Ahmed.

جناب چیئرمین: لیکن دو سال پہلے بھی حکومت یہی کہہ رہی تھی۔

but supposing if it is in substance the same as the last Bill, then is there any bar to it to be moved in the House? There is no bar.

وہ تو کوئی بات نہ ہوئی نا۔ میرا خیال ہے کہ بہتر یہ ہے کہ I put it to the House. اور انفارمیشن کے خلاف کوئی بات کرنا چاہتا ہے

(وقفہ)

پروفیسر خورشید احمد: کوئی خلاف نہیں ہے اس کے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: میرا بھی ایک بل تھا وہ ڈیفر کیا تھا۔

جناب چیئرمین: وہ بل تو ڈیفر ہو گیا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: میں وزیر صاحب کو یہ پیشکش کر رہا ہوں کہ ہم اسے انٹروڈیوس کر لیتے ہیں۔ اور اس کا پریشر بھی رہے گا پھر یہ اپنا بل لے آئیں، کمیٹی میں جائے گا تو اس میں sort out کرلیں گے تمام چیزوں کو، کوئی ایسی بات نہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔

Prof. Khurshid Ahmed has moved for leave to introduce the Freedom of Information Bill, 1991.

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Leave is granted. Please introduce the Bill.

Prof. Khurshid Ahmed: Sir, I have the honour to introduce the Bill entitled "Freedom of Information Bill, 1991".

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Bill stands introduced and stands referred to the Standing Committee concerned.

جی جاوید جبار صاحب۔ نمبر ۱۲۔ ویسے یہ آج رخصت پر ہیں۔ نمبر ۱۴ بھی جاوید جبار صاحب کا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب اس کو ڈیفر کر دیں۔ ہماری روایات یہی رہی ہیں۔ اگر انہوں نے باقاعدہ چھٹی لی ہے تو اسے ڈیفر کر دیں۔

جناب چیئرمین: جی ہاں اسے ڈیفر کر دیتے ہیں۔

So, both these items are deferred, item No. 12 and 14. Next is item No. 16. "Further discussion on the motion moved by Akhunzada Baharwar Saeed that this House may discuss the fast deteriorating law and order situation in the country.

اب صدارتی خطاب پر بحث کے دوران اس پر بھی بات کرنے کے لئے آپ کے پاس موقع ہے۔ میرے خیال میں اس کو اور کیا چلانا ہے۔

جناب اخونزادہ بہرہ ور سعید: اس پر بحث تو شروع ہو گئی ہے۔

جناب چیئرمین: ہو تو گئی ہے لیکن یہ بھی بحث ہو رہی ہے صدارتی خطاب پر بھی ہو رہی ہے بات تو وہی آ رہی ہے۔ میرے خیال میں اس کو وائنڈ اپ کر لیں، ٹھیک ہے جی؟

پروفیسر خورشید احمد: جی ہاں۔ وائنڈ اپ کر لیں۔

جناب چیئرمین: کون کرے گا جی وائنڈ اپ۔

Prof. Khurshid Ahmed: The Interior Minister is supposed to wind up the discussion.

Syed Fakhar Imam: Sir, I have a brief with me.

جناب چیئرمین: پڑھ دیں۔

Syed Fakhar Imam: The major causes of the law and order situation in Pakistan are as under:-

(a) Ethnic & Regional polarization.
(b) Sectarian violences.
(c) Student power.
(d) Labour problem.
(e) Economic factors.
(f) Criminal Organizations.
(g) Urban terrorism.
(h) Proliferation of arms.
(i) Drug menace.

Ethnic and regional polarization is a major cause of potential terrorism. In its nature and ambience which is quite similar to political polarization and generally runs a parallel course I will be restricted to a certain region or ethnic community. The absence of a genuine political process for a long time has provided the essential motivation for certain ethnic and regional forces to be unleashed on the political scene. This is of a particular relevance in Sindh and Baluchistan. The delay in countering the problem through dispassionate socio-economic measures has encouraged anti state forces to exploit the situation further with the resultant aggravation now in evidence. In the province of Sindh particularly regardless of the measures adopted there appears to be wide spread feeling

of trepidation and despondency. The acute alienation in the Sindh interior may take quite sometime to heal in view of the Government's resources. The continuation of dacoities and Kidnappings under the protection of vested interest and the ready availability of sophisticated weapons provides a conducive environment for exploitation by anti-state elements. The province of Sindh remains a soft underbelly geographically, militarily and politically and a situation of persistent termoil cannot be allowed to go on beyond the pale of political crisis management. The Terrain environment of Sindh, and the population ratio of the Sindhis and the non-locals, is not conducive to insurgency and such attempt can be eliminated by, the use of force. However, this can develop into a serious threat only if physically supported by military force from across the border A possibility which cannot remain limited to Sindh and has greater implications, therefore, sabotage terrorism and not secession are the likely probabilities in Sindh.

The ominous impact of anti-state Sindhu Desh Movement, the anti-government exploitation of religious feelings by religious leaders (Mullas) and the hate campaign, against outsiders, presents a sinister pattern of protracted struggle against the existing order when co-ordinated with dacoit operations to undermine the writ of the Government. There being remote probability of physical support from across the border in the near future, the situation is likely to remain localized in Sindh while the subversive elements may further enhance their activities to force the Government law enforcing agencies to take certain actions which could be exploited by the non-patriotic elements to further their subversive designs. After the failure of the PPP Government the present IJI and MQM alliance is in a unique position to bring back Sindh into the national main stream. The integration, if achieved, will prove to be historic contribution towards the integrity and security of Pakistan.

The issue of the Babri Mosque in Ayudia followed by the large scale communal violence in India caused anguish

[Syed Fakhar Imam]

amongst the people of Pakistan. The religious scholars and Ulema also added fuel to the fire and this lead to a vide spread demonstration against the Indian Government. The situation has been handled with care and caution so that protest rallies do not get out of control. With the anormous increase in sectarianism in the country apprehensions exist about Pakistan's future. Exactly the same Muslim sect existed in India prior to independence but no Muslim sectarian clashes took place then. Had sectarianism found such prominence in India during pre-partition days it would not have been possible to create a separate homeland for the Muslims as the Hindus could have exploited the situation by creating divisions amongst the Muslims. After the creation of Pakistan, however, a number of religious groups came into being to protect their interest which lead to a division amongst the Muslims of Pakistan. The differences unfortunately are becoming more and more acute every day. There appears to be no viable solution to the gigantic problem arising out of religious differences except to fervently pursue a path of reconciliation holding seminars, conferences, symposia and make other forms of government to encourage these processes. Religious freedom which is guaranteed by the Constitution needs to be defined in terms of law and order by putting curbs, if necessary, on abusing another sect since politics has got mingled with religion. Seeking of votes as a protection of a particular sectarian point of view should be prohibited. The Ministry of Information and electronic media need to play a very important role in this respect while the press must also function under its own code of conduct and refrain from giving undue publicity to sectarian differences. Registration of purely religious bodies as political parties should be discouraged. Freedom of association should not be mistaken for licence to abuse.

The problem of sectarianism in the context of national security and solidarity poses a potential threat. This threat tends on deep rooted Shia-Suni differences and Barelvi-

Dewbandi controversy without going into details one can say that sectarianism in general psychological fragmentation of the national ethos. Resultantly divisive tendencies have tended to permeate and vitiate the political religious environment. Consensus on religious issues becomes difficult to achieve. The problem is compounded by controversy on means and methods i.e. to say the institutional framework to further the Islamilization process. The recurrence of violent sectarian roits between Sunies and Shias all over the country in the last few years is an indicator of the gravity of this menace. As a consequence there is a general trend amongst the die-hearts of both these sects to form their militant groups.

جناب چیئرمین: کیا یہ اور بھی ہے۔

سید فخر امام: یہ کافی لمبا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: میں محترم وزیر قانون کے بیان میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اور وہ شاید مجھ سے بھی زیادہ پارلیمانی روایات جانتے ہیں لیکن اس قسم کی واشنڈ اپ میں کبھی بھی تحریری بیان نہیں پڑھا جاتا۔

جناب چیئرمین: وزیر صاحب کو اجازت تو ہے لیکن مختصراً میرے خیال میں آپ یہ کہہ دیں کہ یہ جو نکات اٹھائے گئے ہیں حکومت ان پر غور کرے گی یہ کہہ کر معاملے کو ختم کریں۔ اتنی لمبی چوڑی تقریر کی کیا ضرورت ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: وزیر صاحب اسباب بیان فرما رہے ہیں لیکن یہ نہیں بتایا کہ حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین: یہ وزارت داخلہ کا بریف ہے وزیر صاحب کیا کریں میری تجویز یہ ہو گی کہ آپ یہ کہیں کہ یہ جو معزز سینیٹر صاحبان ہیں انہوں نے بڑے اچھے اچھے نکات اٹھائے ہیں اور حکومت ان پر غور کرے گی۔

Prof. Khurshid Ahmed: Syed Fakhar Imam is competent to make a better statement without the help of the Ministry of Interior's brief.

سید فخر امام : شکریہ جناب! میں نے اسی لئے کہا تھا۔ آپ نے کہا تھا۔ پڑھ دیں۔

جناب چیئرمین : یہ تو بہت لمبا ہے۔ میرا خیال تھا مختصر ہوگا۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب مجھے جوابی بیان کا حق ہوگا۔

جناب چیئرمین : نہیں، نہیں، جوابی بیان کا کوئی حق نہیں۔

I want to dispose it of.

کیونکہ لمبی چوڑی بحث ہو چکی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : پھر وزیر صاحب بتائیں یہ حکومت کیا اقدام کر رہی ہے، یہ تو ساری وجوہات ہیں جو آپ نے بیان کی ہیں۔ وزیر صاحب بتائیں کہ حکومت کیا اقدام کر رہی ہے۔

سید فخر امام : دیکھیے جناب یہ جو مختلف نکات بیان کیے گئے ہیں حکومت کو اس پہ بڑی تشویش ہے اور سٹوڈنٹ پاور کے بارے میں بھی یہ کہا گیا ہے---

Although they are the basis of our future generation but the Government would like to involve the students in some meaningful processes and specially the form of unemployment has to be reduced.

On the labour aspect Sir, the brief is to say that although there is some unrest but labour has to be given its due place in society both legally and in practice so that they can be satisfied in the way that they have both in the industrial and the non-industrial sector.

As far as economic factors are concerned, the problem of inflation is there primarily due to the price hike in the Gulf where sixteen hundred million dollars worth of increase through the oil prices has affected Pakistan. Another five hundred million making it about 2.1 billion dollars increase in inflation and much of this is beyond the Government's control because 40% of the oil Pakistan has produced locally and the others from else-where.

The issue of unemployment— I think, this government (the honourable Finance Minister is not sitting here) is now looking at privatization,, deregulation and other aspects because the unemployment also leads to lawlessness and meaningful employment schemes are going to come up. The Government has already started privatization, of banks and deregulation so that we can come forward and; try to fulfil the demand and specially when nearly one to one point two million people every year are coming into that employment age. Right now there are nearly 30 million people employed in the economy of Pakistan so with an additionality of 1 to 1.2 million people who come up for employment. The government is looking at the energy problem, infrastructure both physical infrastructure and human resource infrastructure so that these aspects could be properly ascertained and eventually fulfilled.

There is an issue about the proliferation of arms. I think, the Government is looking at both the laws as well as the enforcement agencies to improve their performance and this has been the so-called Klashinkov Culture which has resulted in a great deal of lawlessness in this country. The Government will try by properly regulating and the agencies' moral has to be uplifted, their methodology, the mannerism has to be improved and I think with the political atmosphere improving as compared to the past, the government should be able to come up with some sanctity in certain areas where there was less before.

As far as urban terrorism is concerned there have been reports that foreign agencies have been involved in it, sophisticated arms have been used even in some areas, ound missiles, rocket launchers, machine guns, grenades, nes etc., have been used and the Government is doing its best to stop them but because of, as I said, some of the foreign agencies as well as some of the local people involved, the Government is improving its efforts and the eternal vigilance is to be brought about especially on our

[Syed Fakhar Imam]

borders so that we can overcome some of the external agencies such as 'RAW' which try to operate in our area. Drug trafficking has been a very major source of concern and there again the Government has now a full-fledged Minister Incharge of Narcotice,, we are hoping that with better controls and more vigilance and acute checks and balances we should be able to reduce it or minimize it if not totally eradicated.

So, with these words, I am sorry that I have read out the earlier brief it was a bit longer than I expected. I am hoping that the Government of Pakistan by and large, because law and order affects everything and specially economic development and investment which is the need of the hour, will be able to give the people at least & peaceful evenings peaceful nights because without law and order neither the local investor nor the foreign investor is willing to put his money into long term investment and industrialization needs long term gestation periods. So, the whole basic function of the Government is to improve the law and order and I am sure with the co-operation of the people of Pakistan and the foras such as the august Senate and the National Assembly should always keep the Government on its toes. I am hoping that in the near future there will be a qualitative improvement in the law and order situation.

Mr. Chairman: Thank you. So that disposes of Item No. 16. Item No. 17 regarding resolutions. Syed Abbas Shah, Resolution No. 17.

Mr. Akhunzada Behrawar Saeed: I want to move on behalf of Syed Abbas Shah.

Prof. Khurshid Ahmed: Only question can be moved not resolution.

Mr. Chairman: No, it can be.

Prof. Khurshid Ahmed: Please check it.

Mr. Chairman: I think, Rule 123(2) permits to move a resolution; it says:-

"In the absence of the member or Minister in whose name the resolution stands on the Orders of the Day, any other member may move the resolution on his behalf with the consent of the Chairman."

So what do you say to that?

(Pause)

Mr. Chairman: Right, please move.

RESOLUTION RE: SHIFTING OF HEADQUARTERS OF COMMERCIAL BANKS AT ISLAMABAD

Mr. Akhunzada Behrawar Saeed: I beg to move that:-

"this House recommends that the Headquarters of all the Nationalized Commercial Banks be established at Islamabad."

Mr. Chairman: What do you want to say in support of this?

Mr. Ahmedmian Soomro: Point of order Sir, I am opposing this.

Mr. Chairman: You are opposing this resolution.

Mr. Ahmedmian Soomro: Yes Sir.

Mr. Chairman: Let him say.

اخونزادہ بہرور سعید: جناب والا! آج کل کی دنیا میں بنکنگ کا شعبہ معاشی زندگی کے لیے ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے اور جتنے بنک اس ملک میں کام کر رہے ہیں ان پر کنٹرول نہیں ہو سکتا جب تک کہ ان کے ہیڈکوارٹرز یہاں پر منتقل نہ کیے جائیں اس وقت تو ایک ایسی

[Akhunzada Behrawar Saeed]

move چل رہی ہے کہ بنکوں کو نجی شعبوں میں دیا جا رہا ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اس وقت کسی بنک کی privatization مفید نہیں ہوگی آپ اس وقت مسلم کمرشل بنک کو کر رہے ہیں اور وہ اس وقت منافع میں جا رہا ہے اس کے نقصان کے ابھی تک کسی نے شکایت نہیں کی ہے نجی تحویل میں دینے سے اس کا جتنا سٹاف ہے وہ ان لوگوں کے رحم وکرم پر ہو جائیگا وہ جب چاہیں ان کو نکالیں جب چاہیں ان کو لے آئیں ان میں اضافہ کریں یا کم کر دیں وہ یہ حق رکھتے ہیں جناب! یہ ایسی چیز ہے کہ ان بنکوں کے جہاں جہاں ہیڈ کوارٹرز ہیں کراچی میں ہیں یا پشاور میں ہیں یہ سب اگر اسلام آباد میں ہوں تو ان کو اچھے طریقے سے کنٹرول کر سکیں گے اس لیئے بہتر یہ ہوگا کہ ان کے ہیڈ کوارٹرز یہاں پر ہوں بہ نسبت اس کے کہ وہ پشاور میں ہوں یا کراچی میں ہوں یا کسی اور جگہ ہوں اس وقت جو سسٹم ہے اس سے توجہ تقسیم ہو جاتی ہے اور اس پر خاص توجہ نہیں دی جا سکتی۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی! شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! اس قرارداد پر اس ہاؤس میں پہلے بھی بحث ہو چکی ہے اور سینیٹر کی معروضات کو درخور اعتنا سمجھتے ہوئے عارضی طور پر جو اقدامات کیئے گئے تھے ان سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوا لہٰذا انتظام میں وہ جو پیش رفت ہوئی تھی وہ بے کار ثابت ہوئی جناب والا! ہمیں یہ ثابت کرنا ہے کہ آیا یہ بنک سارے پاکستان کے لئے ہیں یا صرف کراچی کے لیئے ہیں۔ حضور والا! یہ بھی حماقت ہوگی کہ اب انہیں وہیں رکھا جائے کیونکہ وہاں اتنی ڈیولپمنٹ ہو چکی ہے اور saturation stage پر پہنچ چکی ہے کہ اس میں further development کے لیئے کوئی scope ہی نہیں رہا۔ کیا شمالی علاقہ جات، پنجاب، بلوچستان کے علاقے۔ یہ deserve نہیں کرتے ہیں کہ ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں شفٹ کیے جائیں جو کہ پاکستان کا مشترکہ شہر ہے: اس پر کسی کی اجارہ داری کو تسلیم نہیں کرنا چاہیئے اس لیئے میں اس قرارداد کی پرزور تائید کروں گا کہ تمام مالیاتی اداروں کے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں منتقل کیئے جائیں جس طرح کہ حکومت کا ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ہے۔ یہاں ان پہ زیادہ مؤثر طریقے پر چیک قائم رکھا جا سکے گا۔

اور جو لوگ قرضوں کی سہولتیں enjoy کرتے رہے ہیں اگر وہ اپنی انڈسٹری کو ملک کے دوسرے حصوں میں شفٹ کر دیں تو پھر یہ علاقے بھی ترقی کر سکتے ہیں یہ سب کچھ اسی وقت ہوگا کہ ان اداروں سے استفادہ کے لیے ان کے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد منتقل کیے جائیں میں اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں

جناب چیئرمین: حافظ حسین احمد صاحب،

حافظ حسین احمد: میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے تجارتی بنکوں کے قیام کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ جو علاقے پسماندہ ہوں اور جو علاقے غیر ترقی یافتہ ہوں وہاں قرضے مہیا کیے جائیں ۔ میں اس میں بصد احترام ترمیم پیش کروں گا کہ تمام صوبوں کے صوبائی دارالحکومتوں میں بنکوں کے ہیڈ کوارٹرز قائم کریں۔ جہاں تک صوبہ بلوچستان کا تعلق ہے میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ جب یہ لوگ کراچی میں قرضوں کی فراہمی کے لئے جاتے ہیں تو وہاں انہیں معمولی قرضے دینے میں بھی لیت ولعل سے کام لیا جاتا ہے خصوصاً زرعی ترقیاتی بنک جس کا ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ہے اس سے ملک کے دور دراز کے حصوں کے عوام کو کیا فائدہ پہنچے گا۔ میری رائے یہی ہے کہ صوبہ بلوچستان میں، صوبہ سندھ اور دوسرے علاقوں میں ان بنکوں کے ہیڈ کوارٹرز ہوں ہمارے ہاں الحمدللہ بنک بہت ہیں اگر ان بنکوں کے ہیڈ کوارٹرز مختلف صوبوں میں ہوں گے تو ان سے زیادہ لوگ استفادہ کر سکیں گے اور زیادہ سہولت اور آسانی کے ساتھ لوگ قرضے حاصل کر سکیں گے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: پروفیسر خورشید احمد ۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین! میں آپ کی خدمت میں اور پورے ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں پورے ادب کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مسئلہ نہ کوئی جذباتی مسئلہ ہے اور نہ محض اس کا تعلق صوبائی خود مختاری یا علاقائیت سے ہے اس لئے جب یہ ایوان اہم قومی مسائل کے اوپر گفتگو کرتا ہے تو اسے حقائق کو سامنے رکھ کر اور زیادہ سے معروضی انداز میں، objective انداز میں، چیزوں کو

[Prof. Khurshid Ahmed]

organize بھی کرنا چاہیے اور recommendation دینی چاہیے۔ اگر یہ ایوان ایسی قراردادیں پاس کرنے لگے کہ جن کے پیچھے اتنی تحقیقی مطالعہ اور تجزیہ نہ ہو اور کچھ چلتی ہوئی باتیں ہوں جن کی بنیاد پر ہم ان کو پاس کر دیں یا پیش کر دیں تو بہت ہی ادب سے عرض کروں گا کہ آج تک اس ایوان نے اس معاملے میں بڑا ہی اونچا معیار قائم کیا ہے، بڑا مثبت رویہ اختیار کیا ہے اور ہمیں آئندہ بھی اسی پہلو کو سامنے رکھنا چاہیے ہم کسی گروہی یا کسی دوسری بنیاد پر بات نہیں کر رہے ہیں بلکہ جو بات عرض کر رہے ہیں اس میں ہماری یہ کوشش ہے کہ پاکستان کے مفاد اور حقائق کی بنیاد پر فیصلے ہوں۔

جناب والا! پہلی بات تو یہ ہے کہ جہاں اس قرارداد کے الفاظ کا تعلق ہے، میں تو اس کے الفاظ ہی سمجھنے سے قاصر ہوں۔

This House recommends hat the Headquarters of all the Nationalized Commercial Banks be established at Islamabad.

جناب والا! establish کوئی چیز اس وقت ہوتی ہے جب آپ کسی چیز کو قائم کریں۔ پاکستان میں یہ کمرشل بنک ایک مدت سے کام کر رہے ہیں ان کے ہیڈ کوارٹرز پہلے ہی ہیں آپ غالباً ان کو منتقل کرنے کی بات کر رہے ہیں لیکن اس کے لئے جو الفاظ آپ نے استعمال کئے ہیں وہ establish کے استعمال کئے ہیں جو پوری قرارداد کو، مجھے معاف رکھیں مہمل بنا دیتے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر ان بنکوں کے ہیڈ کوارٹرز کو منتقل کروانا چاہتے ہیں تو پھر قرارداد میں منتقلی کی بات ہونی چاہیے۔ ایسا نہیں ہو سکتا ہے کہ اس کے ہیڈ کوارٹرز کراچی میں بھی ہوں اور یہاں بھی قائم ہو جائیں۔ اس صورت میں اسلام آباد میں ہیڈ کوارٹرز establish کرنے کے کیا معنی ہیں؟ اس کے معنی تو یہ ہیں کہ جس نے بھی اس ریزولیوشن کو frame کیا ہے اس نے جو حقائق کا بنیادی تقاضا ہے اس کو پوری طرح ملحوظ نہیں رکھا ہے۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ عرض کروں گا کہ بنک کے ہیڈ کوارٹرز کے کیا معنی ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے آپ دیکھئے کہ سٹیٹ بنک پاکستان ہے جو اس ملک کا مرکزی بنک ہے، سٹیٹ بنک آف پاکستان کی seat جو ہے وہ کراچی ہے۔ اسلام آباد نہیں ہے۔ اور آگے بڑھیئے۔ بینکوں کا ارتقاء جس طریقے سے ہمارے ملک میں ہوا ہے۔ فطری طور پر کراچی جو اس ملک کا کیپیٹل ہے، فنانشل کیپٹیل ہے، جہاں آپ کی پچاس فیصدی سے زیادہ انڈسٹری ہے، جہاں کے لوگ پورے ملک کا ۶۰ فیصدی ٹیکس ادا کر رہے ہیں، جہاں کہ circulation of money جو ہے ان دونوں کی مناسبت سے پایا جاتا ہے، وہیں ان بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز قائم ہو سکتے ہیں بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز بھی انہی فطری حقائق کی بنیاد پر قائم ہوا کرتے ہیں وہ محض جذبات اور سیاسی خواہشات کی بنیاد پر نہیں ہوا کرتے۔ میں آپ کے سامنے مثال پیش کرتا ہوں امریکہ کا دارالخلافہ واشنگٹن میں ہے، واشنگٹن ڈی سی۔ لیکن اس کا فنانشل کیپیٹل نیویارک ہے۔ اس کے سارے بڑے بینکوں کے مراکز جو ہیں وہ نیویارک میں پائے جاتے ہیں آپ جرمنی کو دیکھئے، جرمن کا کیپیٹل پہلے برلن تھا، پھر فیڈرل جرمنی کا ایک مدت تک بون رہا ہے لیکن فنانشل کیپٹیل فرینکفرٹ ہے۔ انگلستان کو آپ دیکھئے جسے Gate City کہتے ہیں، وہ صرف ایک مربع میل کا رقبہ ہے جس کے اندر سارے بینکس موجود ہیں، ان کے ہیڈ کوارٹرز موجود ہیں۔ ہیڈ کوارٹرز کا تعلق، بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز کا قیام ان کے تاریخی ارتقاء، ان کے کام، وہ شہر جہاں پر کہ وہ کام کر رہے ہیں، ان کی مالی situation پر منحصر ہوا کرتا ہے اس چیز کا انحصار محض خواہشات پر نہیں ہوا کرتا۔

جناب والا! پھر دوسری چیز یہ ہے کہ آخر اس کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے، اس بارے میں دو تین باتیں کہی گئیں ہیں، ان میں ایک یہ کہی گئی ہے کہ بنک کا کام جو ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ لوگوں کو قرضے فراہم کرے۔ یہ بات بالکل صحیح ہے لیکن یہ کام بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز میں نہیں ہوتا ہے۔ بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز کا بنیادی کام تو پالیسی بنانا ہوتا ہے۔ وہ اس کا بنیادی infrastructure ہے banking کے

[Prof. Khurshid Ahmed]

functions کا decentralization اور چیز ہے اور ہیڈکوارٹرز
کا ٹرانسفر کرنا اور چیز ہے۔ اگر آپ ہیڈکوارٹرز اسلام آباد لے آئیں لیکن آپ اس کے
functions کو decentralize نہ کریں، اور آپ علاقائی ضروریات کے
لیے مناسب انتظام نہ کریں، اور آپ decision making کے لیئے مختلف
stations قائم نہ کریں تو اس وقت تک کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اس لیئے ہمیں چاہیئے
کہ issues کو confuse نہ کریں۔ ہیڈکوارٹرز کا قیام اور چیز ہوتی ہے
اور decentralized operations اور چیز ہوتی ہے۔ جس چیز کی ہمارے ملک
میں ضرورت ہے اور جس کی طرف معزز ممبران نے نشاندہی کی ہے کہ ہمارے ملک میں
ہر صوبے میں کریڈٹ کی facilities حاصل ہوں۔ فیصلوں کے ہونے
میں زیادہ وقت نہ لگے۔ فیصلے بروقت ہو سکیں اور اسی علاقے میں ہو سکیں جہاں چیزیں
initiate کر رہی ہوں یہ decentralization کا کام ہے، یہ کام
ہیڈکوارٹرز شفٹ کرنے سے نہیں ہو جائے گا، ہیڈکوارٹرز ٹرانسفر کرتے سے آپ
ایسا نہیں کر سکتے کہ سارے ملک کے مسائل حل ہو جائیں۔ میرا خیال اس بارے میں
یہ ہے جس کا میں نے اظہار کیا ہے۔ ہیڈکوارٹرز شفٹ کرنے کے لیے جو دلائل دیے
جا رہے ہیں یا جس ضرورت کا اظہار کیا جا رہا ہے، اس ضرورت سے اس مطالبہ کا
کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس بنا پر میری نگاہ میں جس طریقے سے یہ چیز سامنے آئی ہے،
اسے اس انداز میں اس ایوان کے لیئے endorse کرنا مناسب نہیں ہے
البتہ ہمیں جو بات کہنی چاہیئے اور جو بات اس ملک کے لیئے ضروری بھی ہے وہ یہ
ہے کہ ملک کے تمام علاقوں میں، تمام صوبوں میں بینکنگ کی اعلیٰ ترین facilities
کو فراہم کیا جائے۔ صنعتی ترقی پھیلانے کے لیئے جو رول بینک ادا کرتے ہیں
اس کی مناسبت سے ریجنل بینک ہوں decentralization کیا جائے،
نئے بینک جو قائم ہو رہے ہیں ان کے ہیڈکوارٹرز لازماً اپنے صوبوں میں ہوں
گے جیسے پنجاب بینک ہے اس کا ہیڈکوارٹرز لاہور میں ہے۔ اسی طریقے

دوسرے صوبے سے اپنے بنک قائم کریں آپ کی privatization of Banking کیا ہے؟ Privatization of Banking کے نتیجے کے طور پر نئے بنک قائم ہوں گے اور ابھی حال ہی پچھلے پانچ چھ مہینے میں جو بنک بنے ہیں اُن میں سے ایک کا ہیڈکوارٹر پشاور میں بھی ہے۔ اس طریقے سے در اصل naturally dispersal سے استفادہ ہو گا۔ ہمیں اس issue کو confuse نہیں کرنا چاہیئے۔

پھر میں چاہتا ہوں کہ آپ اس کو privatization کی پالیسی کے context میں بھی دیکھیں۔ ایک طرف آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم حکومت کا کنٹرول ختم کرنا چاہتے ہیں اور جو میری نگاہ میں بالکل صحیح پالیسی ہے اور دوسری طرف آپ سارے مطالبات کر رہے ہیں اس assumption پر، کہ ان بینکوں کو حکومت کے ہاتھوں میں رہنا ہے۔ یہ سیاسی بات ہے۔ میں جناب والا! یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان بینکوں کو قومیانے کے بعد جو دوسری زیادتی ان کے ساتھ ہوئی یعنی پہلی زیادتی قومیانہ تھی دوسری زیادتی یہ ہوئی کہ ان کو وزارت خزانہ کے تابع کر دیا گیا۔ حالانکہ nationalized banks کے لیئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ وزارت خزانہ کے تابع ہوں۔ مثال کے طور پر متراں جب فرانس میں برسر اقتدار آیا تو اس نے وہاں پر بینکوں کو نیشنلائیز کیا۔ لیکن نیشنلائیز کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے اوپر حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں رکھا۔ بلکہ انکو کچھ قومی مقاصد کا پابند کیا۔ اور ان کے لیئے professional performance criterion مقرر کیا ان کی autonomy کو محفوظ کیا۔ در اصل بینکوں کو براہ راست کنٹرول صرف اور صرف سٹیٹ بینک کو کرنا چاہیئے۔ بنکنگ کونسل اور وزارت خزانہ دونوں کا کنٹرول میری نگاہ میں غلط ہے۔ یہ سارے فنی مسائل ہیں۔ ان مسائل پر ہم کو objectively اور علمی انداز میں اور یہ دیکھتے ہوئے کہ کیا چیز اس ملک کے مفاد میں ہے۔ اور دنیا کے تجربات کس چیز کی طرف رہنمائی کر رہے ہیں،

[Prof. Khurshid Ahmed]

اپنی رائے ظاہر کرنی چاہیئے۔ اور میں پورے ادب کے ساتھ عرض کروں گا کہ اس بنا پر موجودہ شکل میں یہ ریزولوشن اس لائق نہیں ہے کہ یہ ایوان اس کی تائید کرے

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: جناب چیئرمین! محترم پروفیسر خورشید صاحب کے دلائل سے مجھے اختلاف نہیں ہے لیکن میرے خیال میں دو تین باتیں ان کے تجزیے میں نہیں آئیں، تین سال پہلے یہ ریزولیوشن آیا تھا اس وقت وزیر خزانہ محبوب الحق صاحب تھے۔ انہوں نے decentralization کے لیئے تمام صوبوں میں صوبائی بورڈوں کے ڈائریکٹروں کا تقرر کیا۔ اور یہ کہا گیا کہ ان لوگوں پر سیلنگ کی کوئی پابندی نہیں ہو گی وہ قرضوں یا ملازمتوں کے جو بھی صوبائی معاملات ہوں گے خود ہی طے کریں گے۔ لیکن ہمیں تلخ تجربہ ہو چکا ہے اور کم از کم میں بلوچستان کی حد تک کہتا ہوں کہ ان کو چپڑاسی تک کا تقرر کرنے کا اختیار نہیں تھا اور آج اس حکومت کے آنے کے بعد تک بھی، کلرک اور چپڑاسی بھی ہیڈ کوارٹرز سے بھرتی ہوتے ہیں۔ اتنی بڑی ناانصافی تو اس صوبے کے لوگوں کے ساتھ ہوئی ہے وہاں کے پڑھے لکھے لوگ، پلیسمنٹ بیورو کے احکامات باوجود قابل پذیرائی نہیں سمجھے گئے۔ حکومت نے ۱۶ سو آدمی رکھ لینے کے باوجود بھی بلوچستان کے ۲۲ آدمی نہیں رکھے۔ اس لیئے ہم بالکل چاہتے ہیں کہ بینکوں کا ایک ایک صوبے میں ہیڈ کوارٹرز شفٹ کیا جائے اور کم از کم یہ محسوس کر لیا جائے کہ آخر یہ تجربہ جو ناکام ہوا ہے یہ ہیڈ آفس نے ناکام کرایا ہے۔ اور وزارت خزانہ کی وضاحت کے باوجود بھی آج تک کسی صوبے میں کسی بھی ڈائریکٹر کو یہ اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ اپنی طرف سے کلرک بھی مقامی بھرتی کر سکے۔ جب ان کے اختیارات یہ تھے تو یہ بینک کیسے چلتے رہے۔

دوسرا زرعی بینک کا سوال ہے جس کا ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ہے R.D.C. یہ بھی پسماندہ علاقوں کے لیئے بنایا گیا تھا اس کا بھی ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ہے۔ میرا مقصد یہ ہے کہ ڈی سنٹرلائیزیشن صرف on paper نہ ہو اس کا کم سے کم عملی مظاہرہ بھی ہو اور اس مطالبے میں ہمارا صوبہ بالکل حق بجانب ہے اور میں تو چاہتا

ہوں کہ چاروں صوبوں میں ہوں لیکن کم از کم ریجنٹل ڈویلپمنٹ کارپوریشن یا N.D.F.C. کے دفاتر کو تو صوبوں میں منتقل کیا جائے۔ یہ حکومت کا کام ہے کہ DFIS جن کے ہیڈکوارٹرز بھی کراچی میں ہیں، صرف بینکوں کا مسئلہ نہیں ہے۔ لہذا میرا خیال یہ ہے کہ حکومت کو اب سوچنا چاہیئے کہ اگر یہ وفاقی یونٹوں کو خوش نہیں رکھ سکتے تو یہ سیاسی مسئلہ بھی نہیں ہے اور نہ یہ جذباتی ہے، اب یہ دیکھئے کہ اتنے بڑے صوبے میں ایک بھی DFI کا ہیڈکوارٹرز نہ ہو۔ میں تو کہتا ہوں کہ پشاور میں بھی ہونا چاہیئے۔ آخر یہ سوچیں کہ سابقہ حکومت میں پنجاب کے لوگوں کو کیوں بینک آف پنجاب بنانے کا خیال آیا، آخر کوئی وجہ تھی ناں، میں کہتا ہوں کہ اب آپ ریجنل بینک قائم کرنے کی تو اجازت دے رہے ہیں کیوں نہ شیڈولڈ بینک کی اجازت آپ دیتے جو established بینک ہیں جس میں لوگ قومی بنیادوں پہ بھرتی ہوئے ہیں۔ اگر وہ لوگ وہاں یہ بینک چلا رہے ہیں تو اپنے صوبے میں کیوں نہ چلا سکیں گے اور اس طرح ریجنل بینک کی ضرورت بھی نہیں رہے گی اور کیوں ہم صوبوں اور ضلعوں کے نام پہ بینک بنائیں۔ جب کسی ایک بینک کا ہیڈکوارٹرز متعلقہ صوبے میں ہوگا تو وہاں کے لوگوں میں یہ احساس پیدا ہوگا کہ پاکستان کہیں ان کا بھی بھرپور حصہ ہے۔ جہاں تک پروفیسر صاحب کی بات (غیر مرکزیت) کا تعلق ہے یہ تین سے چار سال پہلے (غیر مرکزیت) ہوئی ہے۔ اب انہوں نے بورڈ کے ڈائریکٹر کا نام بدل کر پراونشل چیف کر دیا ہے۔ لیکن وزیر خزانہ جواب دیں کہ کلرک یا چپڑاسی تو وہ بھرتی کر نہیں سکتے تو پھر ان کی وہاں موجودگی کا احساس کیا ہے۔ جہاں تک کریڈٹ کا معاملہ ہے تو کریڈٹ کمیٹی بلوچستان میں بنی ہوئی ہے جب کہ فیصلے لاہور اور کراچی میں ہوتے ہیں۔ اس قسم کی ناجائز پابندیاں وزارت خزانہ نے عاید کی ہوئی ہیں۔ وزارت خزانہ کے ایک جوائنٹ سیکرٹری کی جس کا میں نام نہیں بتانا چاہتا، ہدایت پر بینکوں کے پریذیڈنٹ اپنی گاڑیاں اور contingencies کے تمام پیسوں کو اس کی اور سیکشن افسروں کی ڈسپوزل پہ رکھتے ہیں تو اس میں وزارت خزانہ

[Syed Faseih Iqbal]

کا اپنا قصور ہے۔ وزارت خزانہ نے جب ان کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا تو انہیں دوسرے صوبوں کے لوگوں کے مفاد کا بھی خیال رکھنا چاہیئے تھا۔ اب تک اس حکومت کا یعنی آئی جے آئی کی حکومت کا وہ وعدہ بھی پورا نہیں ہوا کہ جس وقت یہ آئیں گے تو تمام صوبوں کے مفاد کا خیال رکھیں گے۔ اس قرارداد کی میں حمایت کرتا ہوں اور کم از کم دس بینکوں میں سے چار بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز صوبائی دارالحکومت میں منتقل کئے جانے چاہئیں۔

جناب چیئرمین: نہیں تو پھر حمایت کیسے کرتے ہیں وہ تو کہتے ہیں کہ اسلام آباد میں لاؤ۔

سید فصیح اقبال: نہیں اسلام آباد میں تو ایک دو بینکوں ۔ ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین: اس طرح کریں ناں اگر آپ ۔ ۔ ۔ ۔

سید فصیح اقبال: یہ میری ترمیم ہے ۔ ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین: تو پھر ترمیم پیش کریں ناں۔

سید فصیح اقبال: ہاں یہ میری ترمیم ہے شیڈولڈ بینکوں کے ہیڈکوارٹرز چاروں صوبائی ہیڈکوارٹرز میں منتقل کئے جائیں ۔ ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین: جی جناب بشیر احمد مٹہ صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹہ: جناب چیئرمین! میں سید فصیح اقبال کی contention کی تائید کرتا ہوں۔ میں بھی نہایت ادب سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب ہم یہاں بیٹھ کر کوئی فیصلہ یا بات کرتے ہیں تو اس کا پس منظر سامنے رکھ کر کرتے ہیں ویسے perfanctory طریقے سے نہیں کرتے۔ میں اس میں صرف یہ ترمیم تجویز کروں گا کہ کمرشل بینکوں کے متعلق یہ ہو کہ Commercial Banks be re-distributed in such a way that at least one headquarters be established in each provincial capital.

Mr. Chairman: Headquarters or Head Office. کیوں جی پروفیسر صاحب۔

جناب بشیر احمد مٹھہ : ہیڈ آفس کہیں یا جو بھی کہیں۔

جناب چیئرمین : یہ باقاعدہ لکھ کر دے دیں تاں اب مختلف ترامیم شروع ہو گئی ہیں I think it will be better آپ بھی اور فصیح صاحب بھی مجھے لکھ کر دے دیں تو بہتر رہے گا۔

جناب بشیر احمد مٹھہ : میں لکھ کر دے دوں گا جناب۔ یہ بات صاف ہے اور اسمیں ڈسکشن کی اتنی ضرورت بھی نہیں ہے۔ کیونکہ ایک بینک کا ہیڈ کوارٹرز جہاں ہوتا ہے وہاں کے مقامی لوگ اس سے کافی فوائد حاصل کرتے ہیں۔ اب اتنے سارے بینک ہیں جن کے ہیڈ کوارٹرز کراچی میں قائم ہیں، اگر سارے پاکستان کے صوبوں میں ان کو تقسیم کر دیا جائے تو ان کا فیض عام ہو جائے گا۔ اور سب لوگ اس سے استفادہ کر سکیں گے۔ جب ایک ایک بینک کا ہیڈ کوارٹرز ہر صوبے میں ہوگا تو سب کو فائدہ ہوگا اس کے علاوہ کچھ صدر دفاتر اسلام آباد میں بھی آجائیں۔ اسلام آباد اس ملک کا دارلحکومت ہے۔ سب چیزیں یہاں پر ہیں اور یہ پاکستان کا مخصوص شہر ہے۔ یہاں پر بھی اگر ہیڈ کوارٹرز ہو تو اس میں مجھے کوئی قباحت نظر نہیں آتی۔ اس سے استفادہ بڑھے گا۔ کراچی میں پہلے ہی ڈی ایف آئی دفاتر موجود ہیں وہاں پر ان کا اپنا بھی اتنا کیپیٹل ہے کہ وہاں کے لوگوں کو اتنی سپورٹ کی ضرورت نہیں ہے جتنی ان neglected علاقوں کو ہے جہاں ہیڈ آفس نہیں ہیں اسی لیے میں ان کی بات کو سپورٹ کرتا ہوں اور اس ترمیم کو میں propose کرتا ہوں اس سے سب کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ سب جگہ بینک تقسیم ہو جائیں گے اور خوشحالی کا ان کے ساتھ جو واسطہ ہے وہ سب کے لیئے یکساں ہو جائے گا۔ اتنی سی گزارش ہے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین : جی احمد میاں سومرو صاحب۔

Mr. Ahmedmian Soomro: Thank you Mr. Chairman. Sir, I will confine myself to the resolution before this House. There is no amendment moved to it according to

[Mr. Ahmedmian Soomro]

the rules, therefore, I would not think that there is any amendment to this because there is a procedure prescribed for moving an amendment and if that was moved then the amended resolution, if allowed by the House, would be put before this House. So, therefore, I would take the resolution Sir, as it is, that has been brought before the House. First of all my learned brother Prof. Khurshid, Senator pointed out the wording of the resolution saying that the House recommends that the Headquarters of all the nationalized commercial Banks be established in Islamabad. This means, they are seeking to do something new, and not the intention of shifting of Headquarters, therefore, there is no question, I think, Sir, of establishing the banks at Islamabad all the national commercial banks. So, the resolution itself probably does not show what it ultimately was intended to mean that we could start establishing, I mean we will have to bring up new banks. Then, the principle behind this Sir, also I would oppose. First of all the Government is now moving towards privatization. In privatization the boards concerned of the new owners of whoever they are, it is for them to consider what could be beneficial for them. This latest Resolution, if passed, would really be weighty and bring up or keep up the image of the Senate because a Resolution passed by the Senate is supposed to have very great value and the Government has to think twice before they could by-pass it. So, Sir, the question of establishing all those banks does not arise here.

Now, the question of shifting headquarters as in the present Resolution, even otherwise, Sir, there are various aspects to be taken into consideration. First of all a bank would like to carry on its business at a place where there is greater circulation of money, where there is greater business for them and the bank will not look to other ulterior motives to establish for the sake of that locality or so. It has to work in its overall capacity. Therefore, from that point of view since the Government has not even thought it fit to shift State Bank of Pakistan which is just of

Government there is no reason for it even they were commercialized, to shift the headquarters to a place where there is not much circulation of money, looking from the business point of view, what circulation would it be for the banks in Islamabad as compared to Karachi. Karachi is one of the biggest trading centres. therefore, the banks always try to establish themselves where they get more business, they can make more profits, that is their main concern.

Secondly, Sir, the question is if they were even taken to shift them, what about the unemployment which is already a very great problem, how many people of Karachi, of Sindh, are employed in the banks at Karachi. Are you going to just throw all of them on streets? Is it possible for those small low paid people to establish themselves at Islamabad? In Islamabad there is already shortage of accommodation and people cannot get a roof to be under. So, are those lakhs of people going to be just thrown on the streets? It will shatter the economy of Karachi and thereby of Sindh which is already established. If they desire more banks, they can come up in the private sector, they can serve the cause of people in their provinces but what exactly they want, I think, is decentralization. There I fully agree. These banks must be decentralized and powers be given -to the banks in each of the province to deal with their affairs as far as possible. Therefore, I think, I cannot support this and I strongly oppose this Resolution.

Mr. Chairman: Thank you. Jehangir Shah Jogezai Sahib.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب عالی! جب ہم کہتے ہیں کہ پسماندہ علاقوں کو
ہم نے ترقی دینی ہے تو اس کے لیے فنڈز کی ضرورت ہے۔ کارخانوں کی
ضرورت ہے۔ Agro based factories کی ضرورت ہے اور پھر اس
کے لیے بینکوں سے قرضے لینے کی ضرورت ہے۔ یہ جو چیخ و پکار ہوتی ہے

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

اس وقت ہوتی ہے جب لوگوں کو اپنی توقعات کے برخلاف کچھ نہیں ملتا۔ وہ پھر کوئی نہ کوئی طریقہ ڈھونڈتے ہیں۔ یہ بھی وہی طریقہ ہے۔ کہتے ہیں کہ ہیڈ کوارٹرز ادھر لائیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے اپنے ذہنوں میں یہ ہے کہ جب تک آپ کے ذاتی تعلقات کسی سے نہ ہوں کام نہیں چلتا۔ چاہے وہ سرکاری ہو چاہے اس کا تعلق بینک سے ہو۔ جیسا کہ ابھی میں نے کہا تھا جب آپ کسی سے قرض لیتے ہیں تو زمین ایسی ہوتی ہے جس کی قیمت پانچ پیسہ بھی نہیں ہوتی لیکن آپ پٹواری سے مل کر اور پیسے درمیان میں ڈال کر اسے دس ہزار کا بتا دیتے ہیں اور ایک لاکھ روپیہ لے لیتے ہیں اور ایک سو ایکڑ دے دیتے ہیں کہ چھوڑ دو ضبط ہوتی ہے تو ہو جانے۔ یہ طریقہ ہمارے ملک میں رائج ہے۔ اب جب پیسے کا منبع کراچی میں ہو تو ہمارے فورٹ سنڈیمن یا ٹرائبل ایریا سے کوئی آدمی وہاں پر کیا کارخانہ لگائے گا۔ پیسہ کہاں سے لے گا جب وہ وہاں تک نہیں پہنچے گا۔ نہ اس کی جان ہے نہ پہچان ہے۔ یہ اصل معاملہ ہے۔ بات یہ ہے کہ اس کو کس طرح سہولت دی جائے۔ چاہے آپ اس کا ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں بنائیں یا چاند پر بنا لیں۔ اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آپ پیسے ہم کو کس طریقے سے پہنچا سکتے ہیں۔ ہم آپ سے کیا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اصل مقصد تو یہ ہے جیسے ہم نے دیکھا ہے حتیٰ کہ آپ نے فیڈرل سروس کمیشن کی اسامیوں میں بھی اپنے کوٹے رکھ لیے ہیں لیکن آپ دیکھیں کوٹہ کس کو ملتا ہے۔ اس کی بھی تو آپ تحقیقات کریں۔ یہ تو بڑے افسروں کے لیے بھی فراڈ کرتے ہیں۔ ہمارا ضمیر زندہ نہیں ہے۔ یہاں پر ہر معاملہ اسی ترازو میں تلتا ہے۔ اصل معاملہ یہ ہے کہ آپ اس نظام کو کسی طرح سے کامیاب بنائیں کہ ہر شخص، ہر علاقے کے لوگ اگر کوئی کارخانہ لگانا چاہیں تو انہیں پیسے مل سکیں کوئی feasibility report بنانا چاہیں تو اس کے لیے ٹیکنیکل آدمی موجود ہوں۔ تب ہم اس معاملہ کو سلجھا سکتے ہیں اور پسماندہ علاقوں کو اس معیار پر لا سکتے ہیں۔ اب آپ دیکھیں کہ

دارلحکومت کو کراچی سے کیوں اسلام آباد لانے ۔ اس کے پیچھے کیا عوامل تھے ۔ سیاسی ٹیکنیکل اور بہت سی چیزوں کو پیش نظر رکھ کر دارلحکومت کو کراچی سے نکالا گیا تھا ۔ ان وجوہات کا ساری دنیا کو پتہ ہے میں انہیں نہیں دہراوں گا ۔ میں اس کی یہاں تک تائید کرتا ہوں کہ اس بینکنگ کا سلسلہ ایسا درست کیا جائے جس سے ہر جگہ کے لوگ استفادہ کر سکیں ۔ کسی بینک کی جہاں برانچ ہو وہاں کے لوگوں میں سے کم از کم چپڑاسی تو وہ خود بھرتی کر سکیں ۔ شکریہ !

جناب چیئرمین: شکریہ ! جی جناب سرتاج عزیز صاحب ۔

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین ! اس ریزولیوشن پر کافی بحث ہو چکی ہے اور جیسا کہ بہت سے ممبران نے کہا کہ ہیڈکوارٹرز کو اسلام آباد شفٹ کرنے سے تو کوئی زیادہ مقصد حل نہیں ہو گا ۔ کیونکہ بینکوں کا بہت سا کام تو بزنس اور کامرس کے ساتھ منسلک ہے انڈسٹری کے ساتھ منسلک ہے existing business کو فنانس کرنا اور ظاہر ہے کہ کراچی اس وقت مرکز ہے وہاں کا ۔ دوسرے ان کے صوبائی ہیڈکوارٹرز بھی قائم کیئے جا چکے ہیں ۔ اور سب سے بڑا مسئلہ تو یہ ہے کہ کوئی دس ہزار سے زیادہ ملازمین صدر دفاتر میں ہیں اور ان کو یہاں شفٹ کرنا ویسے بھی ناقابل عمل ہے ۔ لیکن اس قرارداد کے حوالے سے اراکین نے اور مسائل بھی اٹھائے ہیں جن کا قرارداد سے تعلق نہیں ہے مثلاً پسماندہ علاقوں کو کس طریقے سے زیادہ فائدہ پہنچایا جائے ، قرضوں کی زیادہ سہولتیں دی جائیں اور اس کے علاوہ ان کی ضروریات کیسے پوری کی جائیں ۔ تو یہ مسائل واقعی جائز ہیں ۔ اس سلسلے میں پہلے بھی بات ہو چکی ہے اور نئے کمرشل بینک قائم کرنے کے بارے میں ہماری نئی پالیسی ہے کہ قطعی معیار مقرر کیا جائے اور نئے بینکوں کے صدر دفاتر مختلف جگہوں پر قائم کیے جائیں صرف کراچی میں مجتمع نہیں ہوں گے ۔ کوئٹہ میں بھی ہوں گے پشاور میں بھی ہوں گے ۔ لاہور میں بھی ہوں گے ۔ اس سے یہ مسائل حل ہو جائیں گے لیکن جہاں تک اس قرارداد کا تعلق ہے یہ قابل عمل بھی نہیں

[Mr. Sartaj Aziz]

اور اس کی ضرورت بھی نہیں ہے اور ویسے بھی disinvestment کا عمل جاری ہے اس وقت کسی ایسی تجویز پر غور بھی نہیں کیا جا سکتا اس لیے میں تجویز کروں گا کہ اس قرارداد کو سینٹ مسترد کر دے اور جو دوسرے مسائل پیش کئے گئے ہیں ان پر مذکورہ پالیسی کا عمل جاری ہے اس پر مزید غور ہو سکتا ہے تاکہ پسماندہ علاقوں کو زیادہ سے زیادہ مراعات دی جا سکیں اور ان کی ضروریات کا خیال رکھا جا سکے۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! جس طرح وزیر موصوف نے کہا ہے ہم سب بھی یہی چاہتے ہیں کہ dispersion ہو decentralization ہو۔ اس لیے اس کو مسترد کرنا مناسب نہیں ہے آپ کی یقین دہانی کی روشنی میں اسے withdraw کر لیا جائے۔ اس کی provision رولز میں موجود ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ساری بات تو پھر بہرہ ور سعید کے ہاتھوں میں چلی گئی۔ اب ان کو منائیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب وزیر صاحب نے جو یقین دہانی کرائی ہے۔

In view of that I am prepared to withdraw it but let me make my submission, Sir.

جناب چیئرمین: جی جی فرمائیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اس حکومت کو یا اس ملک کو اب یہ حوصلہ ہو گا کہ کسی بات پر وہ قائم رہے nationalization پھر de-centralization پھر اس کے بعد privatization یہ zation, zation کب تک چلتا رہے گا کسی جگہ پر اب اس کو قائم ہونا چاہیئے خدا کے واسطے یہ تجربے ختم کیجئے ٹھیک ہے یہاں ہیڈکوارٹرز نہ لائیں آپ کو suit نہیں کرتا تو نہ لائیں لیکن اس میں اتنا تو دیکھئے کہ جس شخص کو یا جن لوگوں کے پاس آپ یہ بینکس بیچ رہے ہیں یا ان کو دے رہے ہیں ان کو کیا فائدہ ہو گا اور جو لوگ اس

سے محروم ہو رہے ہیں ان کا کیا ہوگا خدا کے واسطے اس ملک کے عوام پر تو رحم کریں ان ملازمین کی طرف توجہ دیں جو اس بینک میں کام کرتے ہیں اور یہ zation, zation ختم کریں ایک دفعہ فیصلہ کیجئے کہ ہاں یہ zation ہے privatization ہے تو کرلو nationalization ہے تو کردو de-centralization ہے تو کر لو اگر نہیں کرتے تو خدا کے واسطے یہ نئے نئے تجربے کرنے چھوڑ دو آج پاکستان کو بنے ہوئے ۴۳ سال ہو گئے ہم تجربوں سے گذر رہے ہیں لیکن ایک چیز ہے۔

In view of his assurance, I beg to withdraw this.

Mr. Chairman: O.K. Withdrawn.

<u>جناب سرتاج عزیز</u>: میں ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ وضاحت کردوں کہ اس privatization کے عمل میں بینک کے جو ملازمین ہیں ان کا تحفظ کیا جا رہا ہے اور یہ کہنا کہ ایک پالیسی ہو جس میں تبدیلی نہ ہو تو اس کے جواب میں میں یہی کہوں گا کہ

سکون محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, He has to seek permission to withdraw this.

<u>جناب چیئرمین</u>: کیا ایوان بہرہ ور سعید کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اسے واپس لے لیں

(The leave was allowed).

<u>اخونزادہ بہرہ ور سعید</u>: میں اپنی قرارداد واپس لیتا ہوں

<u>جناب چیئرمین</u>: اب ایوان کو چونکہ ملتوی کرنا ہے تو کب تک ملتوی کیا جائے اس سلسلے میں مختلف آراء موصول ہوئی ہیں کچھ حضرات نے کہا ۱۴ تک کر دیں کچھ نے کہا ۱۵ تک کر دیں کچھ نے کہا ۱۸ تک کر دیں تو ایوان کی کیا رائے ہے۔

Mr. Muhammad Ali Khan: Sir, we were given to understand that the House would be adjourned today an we would meet on the 14th. So, I have called a meeting of the Standing Committee on Agriculture on the 13th for that matter, so that people will be here, Sir.

<u>جناب چیئرمین</u>: فخر امام صاحب آپ کی کیا رائے ہے۔
<u>سید فخر امام</u>: جناب ہمارے کچھ ایسے کام ہیں جن کی وجہ سے اگر آپ ے اتک ملتوی کر دیں تو بہتر ہوگا کچھ meetings وغیرہ ہیں۔
<u>جناب چیئرمین</u>: ٹھیک ہے پھر ے اتک کر دیتے ہیں۔

So, this House is adjourned to meet again on the 17th of January, 1991 at 3.30 p.m.

[The House adjourned to meet again at three thirty of the clock in the evening on Thursday, the 17th January, 1991].